Health

# مشکل صورتحال سے نمٹنے والی گشتی ٹیمیں:
# عمومی سوالات

**مشکل صورتحال سے نمٹنے والی گشتی ٹیم (Mobile Crisis Team, MCT) کیا ہے؟**

MCT ٹیم ایک مختصر ٹیم ہوتی ہے جو وقوعہ کی جگہ پر جا کر مشکل صورتحال کا شکار کسی فرد کو امداد فراہم کر سکتی ہے۔ MCTs مشکل صورتحال کا شکار فرد کے لیے ان کے خاندان اور دیگر معاونتی نظاموں کے ساتھ مل کر معاونت کرنے کے علاوہ خود ان کے ساتھ فردی طور معاونت کر کے مشکل صورتحال میں کمی لاتی ہیں اور لوگوں کو رابطے میں لاتی ہیں، ان کی تشخیص کرتی ہیں اور ان کا موزوں ترین متعلقہ خدمات سے رابطہ کرواتی ہیں۔ زیادہ تر MCTs میں پیشہ ور ماہرین اور پیشہ ور معاونین دونوں قسم کا عملہ ہوتا ہے (مثلاً، ایک ماسٹرز درجے کے کلینیشن اور ساتھی معاون عملے کے ایک فرد)۔

MCTs کے درج ذیل مشترکہ اہداف ہوتے ہیں:

- مشکل صورتحال سے دوچار افراد کی معاونت اور ممکن ہو تو مشکل صورتحال کا حل کرنے میں مدد
- ایسے ماحول میں معاونت فراہم کرنا جہاں مشکل صورتحال سے دوچار فرد سب سے زیادہ سہولت محسوس کریں اور معاونتی عمل کم سے کم رکاوٹوں کا سبب ہو (جو کہ زیادہ تر متعلقہ فرد کا گھر یا ان کی کمیونٹی میں کوئی اور جگہ ہوتی ہے)
- ممکن ہو تو قانون نافذ کرنے والے اداروں، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے والے اداروں یا ہسپتال لے جائے جانے کو بروئے کار لائے بنا موزوں نگہداشت اور امداد فراہم کرنا
- مشکل صورتحال کا شکار افراد کا ان طبی اور رویہ جاتی صحت کی خدمات سے رابطہ کروانا جو اس صورتحال کا حل کرنے اور مستقبل میں مشکل صورتحال سے دوچار ہونے سے بچنے میں مددگار ہو سکتی ہیں

**میں MCT سے اپنے لیے یا کسی ایسے فرد کے لیے جن کے متعلق مجھے تشویش ہو، کس طرح رابطہ کروں؟**

اپنے متعلق یا کسی اور کے متعلق تشویش کا شکار فرد 988 پر کال یا ٹیکسٹ کر سکتے ہیں یا nyc.gov/988 پر آن لائن چیٹ کر سکتے ہیں۔ 988 کے صلاح کار صورتحال کا تجزیہ کر کے موزوں معاونت فراہم کریں گے۔ متعلقہ فرد MCT کی خدمات کے لیے اہل ہوں تو 988 موزوں ترین MCT ٹیم کو ریفر کرے گی، اس کا انحصار عمومی طور پر متعلقہ فرد کی عمر اور اس بات پر ہوتا ہے کہ وہ کہاں موجود ہیں۔

نگہداشت صحت فراہم کنندگان، بشمول ذہنی صحت کے نگہداشت فراہم کنندگان بھی پیر تا جمعہ، صبح 8 سے شام 4:30 کے دوران nyc988.cityofnewyork.us/en/crisis-services/mobile-crisis-teams پر سے 988 کا آن لائن ریفرل استعمال کر کے ریفر کر سکتے ہیں۔

**کیا 988 خود MCT کی خدمات فراہم کرتا ہے؟**

988 کی جانب سے MCT کے ریفرلز فراہم کیے جاتے ہیں لیکن 988 خود MCTs کا نظام نہیں چلاتا۔ MCTs کو ایسے ہسپتال چلاتے ہیں جہاں ریاستی لائسنس یافتہ کمپریہنسیو سائیکیاٹرک ایمرجنسی پروگرامز ( Comprehensive Psychiatric Emergency Programs, CPEPs) یا سائیکیاٹرک ایمرجنسی رومز موجود ہوں یا کمیونٹی کی ایسی تنظیمیں چلاتی ہیں جن کو نیو یارک سٹی کے محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت نے اس کا اختیار دیا ہوا ہو۔ ہر بورو میں ایک MCT ہوتی ہے جو اس بورو میں بچوں اور نوعمر بالغ افراد (21 سال سے کم عمر کے تمام افراد) کو خدمات فراہم کرتی ہے۔ بالغ افراد کے لیے 19 عدد MCTs ہیں جو تمام 5 بوروز کے 21 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کو خدمات فراہم کرتی ہیں۔

988 مشکل صورتحال سے متعلق صلاح کاری، معلومات اور رویہ جاتی صحت کی خدمات کے ریفرلز بھی بذریعہ فون، ٹیکسٹ یا چیٹ 7/24 فراہم کرتی ہے۔

**بذریعہ 988 ریفرل پر ایک MCT کتنی جلد امدادی کاروائی کرے گی؟**

MCTs کا ہدف تمام ریفرلز پر جلد از جلد امدادی کاروائی کرنا ہوتا ہے۔ یہ عموماً ریفرل موصول ہونے کے بعد کچھ گھنٹوں میں امدادی کاروائی کر لیتی ہیں۔ پہنچنے کے وقت پر اثر انداز ہونے والے عوامل میں یہ شامل ہیں:

- ریفرل فراہم کرنے والی جگہ کی اس حوالے سے فراہم کردہ معلومات کہ مشکل صورتحال سے دوچار فرد سے رابطہ کرنے کا بہترین وقت کیا ہو گا
- ایک وقت میں متعدد درخواستیں وصول ہونے پر ان کی نوعیت کی سنگینی کے لحاظ سے ترجیح دیا جانا
- ٹریفک
- گھر یا دیگر مقام پر داخل ہونے میں مشکل کا سامنا ہونا

**کیا MCTs چھٹی والے دنوں میں امدادی کاروائی کرتی ہیں؟**

جی ہاں، MCT کی خدمات سال میں 365 دن دستیاب ہیں۔

**MCT کی خدمات کی دستیابی کے اوقات کیا ہیں؟**

MCTs صبح 8 سے رات 8 بجے کے دوران ہفتے کے ساتوں دن خدمات فراہم کرتی ہیں۔

**MCT کی خدمات وصول کرنے کے لیے کون اہل ہے؟**

MCT کی خدمات وصول کرنے کے لیے اہل افراد کے لیے لازم ہے کہ:

- وہ NYC میں ہوں
- ان کو رویہ جاتی صحت کے بحران کا سامنا یا خطرہ ہو
- ان کے خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچانے کا ممکنہ خطرہ ہو، وہ مکمل حواس میں نہ ہوں یا حقیقت کا ادراک نہ کر پا رہے ہوں، ان کی کچھ کرنے کی صلاحیت میں کمی واقع ہو (معمولات زندگی کے افعال نہ کر پا رہے ہوں)، یا کسی اور وجہ سے مشتعل ہوں اور پرسکون نہ ہو رہے ہوں
- کسی ایسی مشکل صورتحال سے دوچار ہوں جس سے نمٹا نہ جانے پر ہنگامی صورتحال اختیار کر سکتی ہو
- رویہ جاتی صحت کی نگہداشت از خود یا خاندان کے کسی فرد، نگہداشت کنندہ یا دوست کی مدد سے حاصل کرنے یا اس کی تعمیل کرنے پر تیار یا اس کے قابل نہ ہوں یا ان کو رویہ جاتی صحت کی خدمات دستیاب ہونے تک مختصراً معاونت درکار ہو

رویہ جاتی صحت کے بحران کی تعریف یہ ہے کہ جان کا خطرہ نہ پیدا کرنے والی ایسی صورتحال جس میں کسی فرد کو شدید نوعیت کے رویہ جاتی، جذباتی یا نفسیاتی رد عمل کا سامنا ہو جو کسی متعلقہ صورتحال کے رونما ہونے کے باعث ہوا ہو۔

**کیا MCTs بے گھری کے باعث سڑک پر رہنے پر مجبور افراد کے ساتھ کام کرتی ہیں؟**

MCTs عموماً بے گھری کے باعث سڑک پر رہنے پر مجبور افراد کے ساتھ کام نہیں کرتیں، یہ افراد زیادہ تر ہوم لیس آؤٹ ریچ سروسز سے استفعادہ کرتے ہیں۔ ان ٹیمز کو مختلف محلّوں کا جائزہ لینے پر مامور کیا گیا ہوتا ہے اور ان کے لیے زیادہ امکان ہوتا ہے کہ یہ بے گھری کے باعث سڑک پر رہنے پر مجبور لوگوں کو تلاش کر کے ان سے رابطہ کریں۔

بے گھری کے باعث سڑک پر رہنے پر مجبور افراد کا رابطہ **311** پر کال کر کے ایک ہوم لیس آؤٹ ریچ موبائل انگیجمنٹ اینڈ اسٹریٹ ایکشن ٹیم (Homeless Outreach Mobile Engagement and Street Action Team, HOMESTAT) سے کروا دیا جانا چاہیے۔

**کیا MCTs پناہ گاہوں یا معاونتی رہائش گاہوں میں رہنے والے افراد کے ساتھ کام کرتی ہیں؟**

جی ہاں، MCTs کسی پناہ گاہ یا معاونتی رہائش گاہ میں رہنے والے افراد کے لیے دیے گئے ریفرلز پر امدادی کاروائی کرتی ہیں۔ اگر کوئی فرد کسی ایسی جگہ رہتے ہیں جہاں ذہنی صحت کے کلینیشنز موقع پر موجود ہوں تو وہاں کا عملہ ان فرد اور ان کی ضروریات کو زیادہ بہتر طور پر سمجھتا ہو گا اور مشکل صورتحال میں امدادی کاروائی کرنے کے لیے زیادہ موزوں ہو گا۔ باہر سے آنے والے افراد کے لیے ایسی سہولت گاہوں میں داخل ہونا بھی مشکل ہو سکتا ہے۔ ان وجوہات کی بناء پر، MCT کی امدادی کاروائی کی کامیابی کو فروغ دینے میں پناہ گاہ یا معاونتی رہائش گاہ فراہم کنندہ کے ساتھ قریبی رابطہ مددگار رہتا ہے۔

کیا MCTs ان افراد کے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں جو اسَرٹیو کمیونٹی ٹریٹمنٹ (**Assertive Community Treatment, ACT**)، **فارنزک ACT (Forensic ACT, FACT)، شیلٹر پارٹنرڈ ACT (Shelter Partnered ACT, SPACT) یا انٹنسیو موبائل ٹریٹمنٹ (Intensive Mobile Treatment, IMT) ٹیمز کا حصہ ہوں؟**

عموماً، MCT کی امدادی کاروائی ایسے فرد کے لیے تجویز نہیں کی جاتی جو پہلے سے ACT، FACT، SPACT یا IMT کی کسی ٹیم سے موبائل ٹریٹمنٹ کی خدمات لے رہے ہوں۔ ان ٹیمز کی فراہم کردہ ہنرمندی اور صلاحیت MCTs سے ملتی جلتی ہوتی ہے لہٰذا ایک نئے فراہم کنندہ کے استعمال سے کسی غلط فہمی کا امکان ہو سکتا ہے۔ تاہم، مشکل صورتحال سے دوچار فرد اور جو بھی ریفرل فراہم کر رہے ہوں ان کے علم میں ہونا لازمی ہے کہ مشکل صورتحال کے دوران ان ٹیمز سے رابطہ کس طرح کرنا ہے۔

**کیا MCTs بیمہ صحت سے کوئی وصولی کرتی ہیں؟**

MCT اپنا نظام چلانے کے لیے سرکاری فنڈنگ اور بیمہ کی آمدنی کے امتزاج پر انحصار کرتی ہیں۔ MCTs بیمہ کی معلومات وصول کر کے فراہم کردہ خدمات کے اخراجات وصول کرنے کے لیے بیمہ فراہم کنندگان کے پاس دعویٰ جمع کروائیں گی۔

**کیا وہ افراد MCT کی خدمات لے سکتے ہیں جن کے پاس بیمہ صحت نہ ہو یا وہ امریکی شہری نہ ہوں؟**

جی ہاں، MCTs تمام اہل ریفرلز پر امدادی کاروائی کرتی ہیں چاہے مشکل صورحال سے دوچار فرد کی صحت بیمہ یا ترک وطن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔

**رویہ جاتی صحت کے بحران کے لیے 911 کب درکار ہوتا ہے؟**

ہم تجویز کرتے ہیں کہ ہنگامی صورتحالوں کے لیے **911** پر کال کیا جائے اور جن صورتحالوں کی نوعیت فوری ہو لیکن وہ ہنگامی صورتحال **نہ** ہوں، ان کے لیے 988 پر کال کیا جائے۔ ہنگامی صورتحالوں کی مثالوں میں یہ شامل ہیں:

- کسی فرد میں خودکشی کے خیالات کا امکان نظر آنا کیونکہ وہ اس قسم کی منصوبہ بندی کرتے، اس کا اظہار کرتے یا اس کی تیاری جیسے رویے کا اظہار کرتے پائے جائیں
- ایسا رویہ جس سے ان کے ممکنہ طور پر خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچا بیٹھنے کا خطرہ ہو جیسے خود کشی کی کوشش کر رہے ہونا یا چھری اٹھائے ہوئے ہونا
- کسی فرد میں ایسے خیالات کے آثار نظر آنا جیسے وہ کسی کو قتل کرنے کی نیت سے منصوبہ بندی کر رہے ہیں

کسی ہنگامی صورتحال میں، **911** متعلقہ فرد کو CPEP یا سائیکیاٹرک ایمرجنسی روم میں منتقل کرنے کے لیے ایمبولینس بھیج سکتے ہیں۔

اگر آپ کو نہیں پتہ کہ کس سے رابطہ کیا جائے تو ایک تربیت یافتہ صلاح کار سے رابطہ کرنے کے لیے 988 پر کال یا ٹیکسٹ کریں یا nyc.gov/988 پر چیٹ کریں، یہ موزوں ترین آئندہ اقدامات کی تشخیص کر سکتے ہیں جن میں ہنگامی خدمات سے یا پولیس کے علاوہ مشکل صورتحال میں امدادی کاروائی کرنے والوں سے رابطہ کروایا جانا شامل ہو سکتا ہے۔

3.24 Urdu